27/03/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام سبھی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ایک میٹنگ میں مغربی ایشیاءکی صورتحال پر تبادلہ خیال کریں گے ۔تاہم اس میٹنگ میں اُن ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ شریک نہیں ہوں گے جن ریاستوں میں انتخابات کے لئے مثالی ضابطہ عمل نافذ ہے ۔

LG ملاقات

Rehabilitation انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (آئی آئی ٹی) جموں، انسٹی ٹیوٹ انکیوبیشن اینڈ انوویشن کونسل اور ریفارم اینڈ فاو

نڈیشن کے نمائندوں پر مشتمل ایک وفد نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ٔ

اس دوران شری کالی ماتا گو سیوا سمیتی دھار روڈ ادھمپور کے صدر سمر سنگھ رانیال کی سربراہی میں سمیتی کے ایک وفد نے بھی لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

بجٹ اجلاس

پانچ ہفتوں کے وقفے کے بعد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج سے جموں میں دوبارہ شروع ہوا۔ اجلاس کے پہلے سہولت کے قیام Maternal and Child Care اسپتال جموں میں 243 بستروں والی SMGS روز آج حکومت نے ایوان کو مطلع کیا کہ سے نو زائد بچوں کو دی جانے والی طبی سہولیات میں مزید بہتری آئی ہے ۔ اس بات کی جانکاری وزیر صحت سکینہ ایتو نے وقفہ سوالات کے دوران ممبر اسمبلی یُدویر سیٹھی کے ایک سوال کے جواب میں دی ۔

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ایوان میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اسمبلی کا یہ اجلاس نتیجہ خیز بل پیش کریں گے ۔ Appropriation ثابت ہو گا ۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ وزیر اعلیٰ ایوان میں

تھیٹر ڈے

آج ورلڈ تھیٹر ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد تہذیبی ، تمدنی ، ثقافتی اور روایتی اقدار کو اجا گر کرنے کے علاوہ سماج میں تھیٹر کی اہمیت سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے ۔ اس دن کی مناسبت سے آج جموں کشمیر میں بھی کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں ۔

ورلڈ تھیٹر ڈے کے موقعہ پر معروف ڈرامہ نگار اور دور درشن کیندر سرینگر کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سوہن لال کول نے اپنے ایک پیغام میں کہا ۔

امداد

مرکزی سرکار نے جموں و کشمیر کے لئے مرکزی امداد کے تحت 5 ہزار کروڑ روپے کی اضافی رقم واگزار کی ہے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ بروقت اور نہایت اہم تعاون ترقیاتی کوششوں کو نمایاں طور پر مضبوط بنائے گا، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو تیز کرے گا اور جموں و کشمیر میں عوامی فلاح و بہبود کو فروغ دے گا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مرکز کے اس فیصلے کے لئے وزیرِ اعظم نریندر مودی ، وزیرِ داخلہ امت شاہ اور وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ رقم یو ٹی کی مالی حالت کو مستحکم بنانے میں مددگار ثابت ہو گی۔

ایوارڈ

جموں صوبے کے ادھمپور ضلعے میں واقع فوج کی شمالی کمان کے ہیڈ کوارٹر پر کل تقسیم اعزازات کی ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے جس دوران92 فوجی اہلکاروں اور یونٹس کو اُن کی غیر معمولی خدمات کے لئے اعزازات سے نوازا جائے گا ۔ تقرب کی صدارت شمالی کمان کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما کریں گے ۔

DCs

اشیائے ضروریہ اور ان کی بلا تعطل تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر اننت ناگ، ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اور اے ڈی سی شوپیان نے اپنے اپنے اضلا ع میں پیٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ آپرٹرس اور سٹیک ہولڈرز کو ہدایات دی گئیں کہ وہ غیر قانونی منافع خوری کو روکنے کے لیے ضروری اقدامات کریں۔ انہوں نے اس دوران پیٹرول پمپ اور گیس ایجنسی مالکان سے موجودہ سٹاک پوزیشنز اور سپلائی میکانزم کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع کےمنزگام میں کئی دفاتر کا دورہ کر کے وہاں کے کام کاج کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے پرائمری ہیلتھ سینٹر اور ہائر سیکنڈری سکول کا بھی دورہ کر کے وہاں موجودہ طبی و تعلیمی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے منزگام میں جل جیون مشن کے تحت آنے والی سکیموں کا بھی جائزہ لیا ۔

ANTF

منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک کاروائی کے دوران اینٹی نارکوٹکس ٹاسک فورس کشمیر نے سرینگر کے برزلہ علاقے میں سات سو گرام ہیروئن ضبط کی ۔ ٹاسک فورس کے مطابق شمالی کشمیر کے ہندواڑہ علاقے سے تعلق رکھنے والے محمد حسین خان اور افتخار احمد نامی دو افراد منشیات کے اس کاروبار میں ملوث پائے گئے ۔ ٹاسک فورس نے محمد حسین خان کو گرفتار کیا ہے جبکہ افتخار احمد کی تلاش جاری ہے ۔

IPL

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI 2026 نے انڈین پریمئر لیگ IPL کے دوسرے مرحلے کے پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ دوسرے مرحلے کے تحت 13 اپریل سے 24 مئی تک 12 شہروں میں 50 میچ کھیلے جائیں گے۔

IPL کے پہلے مرحلے کا کل سے آغاز ہوگا، جس کے تحت بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو اور سن ر ائزرس حیدرآباد کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****